سبق: ۸

# ٹیلی ویژن



سائنس دانوں نے عجیب عجیب چیزیں ایجاد کی ہیں۔ان میں ریڈیو اور ٹیلی ویژن بھی شامل ہیں۔ان چیزوں سے انسان اپنا دل بہلاتا ہے اور لطف اٹھاتا ہے۔اسکارٹ لینڈ کے جے۔ایل بارڈ نے ٹیلی ویژن ایجاد کیا تھا۔اس کے ذریعے ہم کو نیے نیے پروگرام دیکھنے کو ملتے ہیں۔یہ بڑے فائدے کی چیز ہے۔آدمی ہر وقت کام کرتے رہنے سے اکتا جاتا ہے۔ریڈیو کے ذریعہ ہم صرف آواز سن سکتے ہیں۔لیکن ٹیلی ویژن پر آواز کے ساتھ ساتھ تصویر بھی آتی ہے۔گھر بیٹھے ہم ساری دنیا کی خبر ٹیلی ویژن پر دیکھ سکتے ہیں۔اسی طرح بارش،طوفان وغیرہ کی اطلاع ہم ٹیلی ویژن سے پا سکتے ہیں۔ٹیلی ویژن آج کل ہماری زندگی کا اہم حصہ بن گیا ہے۔اس کے بغیر زندگی ادھوری معلوم ہوتی ہے۔

ٹیلی ویژن پر نئی نئی معلومات حاصل ہوتی ہیں۔بڑے لوگوں کی تقریریں اور دوسرے پروگرام دیکھ سکتے ہیں۔ٹیلی ویژن پر جنگلی جانوروں کا نظارہ بڑا ہی مزہ دیتا ہے۔حکومت نے ٹیلی ویژن پر تعلیمی پروگرام بھی شروع کر دیا ہے۔ٹیلی ویژن آج کل زندگی کی ایک اہم ضرورت ہے۔

الفاظ اور معانی

| معنی | لفظ | معنی | لفظ |
|---|---|---|---|
| اعلان | اطلاع | مزہ۔لذت | لطف |
| ☆ | ☆ | انوکھا۔نرالا | عجیب |

## مشق

(ا) سوالوں کے جواب دیجیے:

(الف) ٹیلی ویژن اور ریڈیو میں کیا فرق ہے؟

(ب) ٹیلی ویژن کس نے ایجاد کیا تھا؟

(ج) اس کے کیا فائدے ہیں؟

۲۔ پڑھیے اور لکھیے:۔

ریڈیو............ ٹیلی ویژن ......... شامل ......... عجیب............ اطلاع............

لطف............ تعلیم............ بغیر............ جنگلی...............

۴۔ خالی جگہوں کو صحیح لفظوں سے پر کیجیے:۔

(تعلیمی پروگرام۔جنگلی جانوروں۔حکومت۔معلومات۔تقریریں)

ٹیلی ویژن پر نئی نئی............... حاصل ہوتی ہیں۔ بڑے لوگوں کی............... اور دوسرے پروگرام دیکھ سکتے ہیں۔ٹیلی ویژن پر ............... کا نظارہ بڑا ہی مزہ دیتا ہے۔............... نے ٹیلی ویژن پر............... بھی شروع کر دیا ہے۔

۵۔ نیچے دیے گیے الفاظ کی املا درست کیجیے:۔

ٹیلی ویجن........................ جرورت........................

مالوم........................ تکریر........................

نزارہ........................

★★★